926 ـ رنگ برنگے عدسے استعمال کرنا

سوال

میں آنکھوں میں لگائے جانے والےرنگ برنگے لینز (عدسے) کے متعلق اسلامی رائے معلوم کرنا چاہتی ہوں ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

لینز اور عدسے دو قسم کے ہیں:

پہلی قسم:

بطور علاج اور نظر کے لیےاستعمال ہونے والے لینز اور عدسے، یہ نزدیك یا دور کی نظر خراب ہونے پر بطور علاج استعمال ہوتے ہیں، ان لینز اور عدسات کو آئی اسپیشلسٹ کے مشورہ سے استعمال کرنےمیں کوئی حرج نہیں.

دوسری قسم:

رنگدار اور خوبصورتی کے لیے استعمال ہونے والے لینز اور عدسات.

ان کا حکم زینت اور خوبصورتی کا حکم ہے، اگر تو یہ عدسے اور لینز خاوند کے لیے عورت استعمال کرے تو اس میں کوئی حرج نہیں، اور اگر کسی اور کے لیے ہوں اس صورت میں کوئی حرج نہیں کہ اس میں فتنہ و خرابی نہ ہو، اور اس میں یہ بھی شرط ہے کہ یہ آنکھوں کے لیے نقصاندہ نہ ہوں، اور نہ ہی اس میں دھوکہ اور فراڈ ہو مثلا یہ نہ ہو کہ لڑکی اپنے منگیتر کو دکھانے کے لیے استعمال کرے کہ اس کی آنکھیں ایسی ہیں، اور اسی طرح اس میں اسراف اور فضول خرچی بھی نہیں ہونی چاہیے کہ بہت زیادہ دام میں خریدے جائیں، کیونکہ اللہ سبحانہ و تعالی نے اس فضول خرچی اور اسراف سے منع کرتے ہوئے فرمایا ہے:

اور تم فضول خرچی مت کرو.

واللہ اعلم .